## قانون تجہیز و تکفین کمیٹی   اینٹورپ اسلامک ایسوسی ایشن

1. یہ کمیٹی اینٹورپ اسلامک ایسوسی ایشن کی انتظامیہ کے زیر انتظام ہے. کمیٹی چار ارکان پر مشتمل ہے جو مالی اور دیگر تمام امور کو سر انجام دے گی. انتخاب کے ذریعے آنے والی اینٹورپ اسلامک ایسوسی ایشن کی ہر کمیٹی اسی سروس کو جاری رکھے گی-
2. یہ انشورنس کمیٹی نہیں ہے اس کا مقصد صرف ممبران کی تجہیز و تکفین کا بہتر انتظام کیا جا سکے-
3. تجہیز و تکفین کمیٹی کا فنڈ کسی دوسرے مقصد کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی کسی ذاتی مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے اس فنڈ کے متعلقہ فیصلہ ہمیشہ ممبران برائے تجہیز و تکفین کمیٹی کی رائے اور موجودگی میں ہو گا-
4. کوئی کمیٹی یا کوئی گروپ اس تجہیز و تکفین کمیٹی کو اور اسکی سروس کو ختم نہیں کر سکتا یہ اختیار صرف تمام ممبران برائے تجہیز و تکفین کمیٹی کے پاس ہے اور رہے گا-
5. کسی دوسری جگہ تجہیز و تکفین کمیٹی کا ممبر ہونے کی صورت میں ممبر شپ ختم کر دی جائے گی اور ادا کئے گئے کوئی واجبات واپس نہیں کیے جائیں گے-
6. ممبر کی وفات پر کفن دفن کے انتظامات کمیٹی کے ذمہ ہونگے وصیت یا وارث کی ہدایت کے مطابق میت پاکستان بھیجی جائے گی یا اینٹورپ میں دفن کیا جائے گا بیلجیم میں دفن کی صورت میں لیزنگ مدت 25 سال ہو گی اور تدفین کے اخراجات کمیٹی کے ذمہ ہونگے-
7. میت کو پاکستان بھیجنے کے اخراجات کمیٹی کے ذمہ ہونگے-
8. اگر کوئی ممبر پاکستان میں فوت ہو جائے تو اس صورت میں کمیٹی ورثاء کو تدفین خرچ مبلغ پندرہ سو یورو (1500€) ادا کرے گی لیکن ورثاء کو پہلے نادرہ کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہو گا-
9. فنڈ کی کمی کے باعث ہنگامی صورتحال میں انتظامیہ ممبران یا غیر ممبران سے فنڈ کی اپیل کر سکتی ہے-
10. ممبر کے دیئے گئے کوائف کے مطابق اگر فیملی سے رابطہ نہیں ہو تا تو میت کو دفن کرنے کا فیصلہ انتظامیہ کرے گی-
11. ممبر کی تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ صرف اسلامی طریقہ پر ہو گا کوئی غیر مسلم اس کمیٹی کا ممبر نہیں بن سکتا اور یہ سروس صرف پاکستان یا بیلجیم میں تدفین کے لئے ہے-
12. غیر مسلم شریک حیات ہونے کی صورت میں ممبر سٹڈ کا وصیت نامہ een testament ممبر شپ فارم کے ساتھ جمع کروانے کا پابند ہو گا. میت کہاں دفن کرنی ہے-
13. ممبر شپ فارم جمع کروانے کے لیے ممبر کو از خود انتظامیہ کے پاس آنا ہو گا-
14. انتظامیہ ممبر شپ قبول کرنے یا نہ کرنے کی مجاز ہے کوئی بھی شخص انتظامیہ کی تصدیق اور کاغذات کی جانچ پڑتال کے بغیر ممبر تصور نہیں ہو گا ممبر شپ کی تصدیق کا فیصلہ آئندہ ہونے والی کمیٹی کی میٹنگ میں کیا جائے گا وقت کا تعین 8 ہفتے تک ہو سکتا ہے-
15. اس کمیٹی میں متعلقہ قوانین میں بوقت ضرورت انتظامیہ ترامیم کرنے کی مجاز ہے اور کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہو گا-
16. اگر کوئی ممبر اپنی ممبر شپ ختم کرنا چاہے تو اسکو ادا کی ہوئی ممبر شپ فیس واپس نہیں ملے گی-
17. فیملی ممبر شپ کی صورت میں اٹھارہ سال سے کم عمر بچے اس سہولت سے مستفید ہوں گے جو بچہ اٹھارہ سال سے بڑا ہو گا ہر سال سکول اٹیسٹ پیش کرنے پر فیملی ممبر شپ کا حصہ تصور ہو گا کام کرنے اور بینیفٹ لینے والے کو علیحدہ ممبر شپ لینا ہو گی-
18. تمام ممبران کو پاکستانی اور بیلجیم شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دینا ہو گی اور پاکستانی شناختی دستاویزات پر بھی اس کمیٹی کا ممبر بن سکتا ہے نیز پاکستان میں اپنے وارثوں کا ٹیلی فون نمبر اور مکمل پتہ دینا ہو گا-
19. ظاہری طور پر سخت بیمار یا موذی مرض میں مبتلا فرد کو ممبر شپ نہیں دی جائے گی ممبر شپ حاصل کرنے کے لئے ممبر کا تندرست ہونا ضروری ہے-

20. کمیٹی ممبران برائے تجہیز و تکفین کے علاوہ کسی کے فوت ہو جانے پر انتظامیہ چندہ جمع کرنے کی پابند نہیں ہے-

21. پہلی بار رجسٹریشن فیس فیملی کے لئے 200 یورو اور اکیلے آدمی کے لئے 100 یورو بذریعہ بینک ادا کرنی ہو گی یہ فیس ہر ممبر کو دینا ہو گی-

22. 60 سال سے زائد عمر والے ممبر کی رجسٹریشن فیس برائے فیملی 500 یورو اور اکیلے آدمی کیلیے 200 یورو ہو گی-

23. ہر رجسٹرڈ فیملی 15 یورو ماہانہ سنگل 10 یورو ماہانہ اور 60 سال سے زیادہ عمر والے کی ممبر شپ فیس فیملی 20 یورو ماہانہ اور سنگل 10 یورو بذریعہ بینک ادا کرنے ہونگے کیش وصول نہیں کیا جائے گا-

24. تمام دفتری کارروائی مکمل ہونے کے بعد ممبر کو اس کی ممبر شپ کا خط ارسال کیا جائے گا خط کے بعد سے ہی وہ کمیٹی کا ممبر تصور ہو گا-

25. خاندان میں کوئی بھی تبدیلی ہونے کی صورت میں کمیٹی کو آگاہ کیا جائے گا-

26. خاندان کے سربراہ کے فوت ہو جانے کے بعد اگر ممبر شپ جاری نہ رکھی گئی تو ممبر شپ ختم ہو جائے گی- دونوں سربراہ کے فوت ہونے کی صورت میں سرپرست اگر ممبر شپ جاری رکھے گا تو ممبر شپ قائم رہے گی-

27. تین ماہ لگاتار ممبر شپ فیس جمع نہ کروانے کی صورت میں ممبر شپ خود بخود ختم ہو جائے گی اداشدہ ممبر شپ فیس واپس نہیں ملے گی دوبارہ ممبر بننے کے لیے دوبارہ رجسٹریشن فیس ادا کرنا ہو گی-

28. ہسپتال یا گھر کے علاوہ اگر میت کسی Uitvaart ادارے میں ہوئی تو اسکے اخراجات فیملی کو خود ادا کرنے ہوں گے- اگر ممبر حادثہ یا کسی بھی وجہ سے بلجئیم سے باہر فوت ہوتا ہے تو کمیٹی صرف 2600€ برائے تجہیز و تکفین ادا کرے گی باقی تمام بندوبست فیملی خود کرے گی-

28(A). یہ سروس صرف بیلجیئم میں فوت ہونے کی صورت میں دی جائے گی- یہ سروس صرف اور صرف میت کو بیلجئیم سے پاکستان بھیجنے یا بیلجئیم انٹورپن میں دفن کرنے کے لئے ہے اس کے علاوہ کسی دوسری قسم کی سہولت یا سروس نہیں دی جائے گی-

28(B). میت کے ساتھ جانے والے ایک فرد کا ریٹرن ایر ٹکٹ صرف فیملی ممبر شپ والے کو ہی دیا جائے گا سنگل ممبر شپ کی صورت میں ایر ٹکٹ نہیں دیا جائے گا-

29. اس کمیٹی کا ایک کم از کم فنڈ ±(28000€) ہزار یورو مقرر کیا ہے کمی کی صورت میں تمام ممبران سے مزید فنڈ کی درخواست کی جائے گی تاکہ کم از کم مقرر کردہ حد رقم اکاؤنٹ میں موجود رہے-

30. پتہ تبدیل ہونے کی صورت میں نیا پتہ جلد از جلد کمیٹی کو دینا ہو گا-

31. ممبران کے کوائف پوشیدہ رکھے جائیں گے-

**نوٹ=** 2022/03/27 کی سالانہ میٹنگ میں یہ قوائد وضوابط ممبران کی موجودگی میں طے کیے گئے ہیں آئندہ ان پر عملدرآمد ہو گا-

**نوٹ= میں نے مندرجہ بالا تمام شرائط کو غور سے پڑھا اور قبول کیا ہے-**

مکمل نام.................................... تاریخ........................................

دستخط ممبر.................................... دستخط صدر..................................

**برائے رابطہ انتظامیہ**

| | | |
|---|---|---|
| صدر: | محمد یاسین | +32 473/38 50 55 |
| نائب صدر: | ظفر اقبال بھنڈر | +32 484/06 19 17 |
| جنرل سیکرٹری: | محمد خالد بھٹی | +32 475/76 30 25 |
| فنانس سیکرٹری: | راجہ محمد ظریف | +32 486/82 16 63 |